THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ جنگ لاہور

بانی...... میر خلیل الرحمٰن

فون 36367480 تا 83

صفحات 12 قیمت 35 روپے

جلد 48 | جمعرات 16 رشعبان المعظم 1447ھ 5 رفروری 2026ء 24 رماگھ 2082ب | شمارہ 109

# ڈھی رانی پروگرام ملک کا تاریخ ساز، مثالی پروگرام بن چکا، سہیل شوکت

## حافظ آباد میں ڈھی رانی پروگرام کے تحت اجتماعی شادی، مستحق بچیوں میں 2،2 لاکھ کے اے ٹی ایم کارڈز تقسیم

لاہور (خبر نگار) محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر اہتمام حافظ آباد میں مستحق بچیوں کی اجتماعی شادیوں کی پُروقار تقریب منعقد ہوئی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ ''ڈھی رانی پروگرام نہ صرف پنجاب بلکہ ملک کا تاریخ ساز اور مثالی پروگرام بن چکا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران اس پروگرام کے تحت 8 ہزار بچیوں کی شادیوں کا ہدف کامیابی سے مکمل کیا گیا ہے جبکہ آئندہ سال کے لیے یہ ہدف بڑھا کر 10 ہزار مقرر کیا گیا ہے۔۔ تقریب کے اختتام پر صوبائی وزیر اور دیگر معزز مہمانوں نے نئی زندگی کا آغاز کرنے والی بچیوں میں دو، دو لاکھ روپے مالیت کے اے ٹی ایم کارڈز تقسیم کیے، جس پر شرکاء نے حکومت پنجاب کے اس اقدام کو بھرپور سراہا۔

www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
MEMBER APNS, CPNE
روزنامہ
اوصاف
جہان پاکستان
لاہور
جلد 14 | جمعرات 16 شعبان المعظم 1447ھ 5 فروری 2026ء 24 ماگھ 2079ب | شمارہ 135 | صفحات 8 | قیمت 30 روپے

09/2/26
C.O
DD (PS/PR)
09/02/26
Dir (Reg.)




حافظ آباد: محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر اہتمام مستحق بچیوں کی اجتماعی شادیوں کی تقریب سے صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ خطاب کر رہے ہیں

# محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر اہتمام اجتماعی شادیوں کی تقریب

## صوبائی وزیر سماجی بہبود و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ کی شرکت

لاہور، حافظ آباد (نیوز رپورٹر، بیورو رپورٹ) محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر اہتمام حافظ آباد میں مستحق بچیوں کی اجتماعی شادیوں کی پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں صوبائی وزیر سماجی بہبود و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ دھی رانی پروگرام نہ صرف پنجاب بلکہ ملک کا تاریخ ساز اور مثالی پروگرام بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پروگرام اب پنجاب کے عوام کی آواز بن چکا ہے اور اس کے ذریعے معاشرے کے مستحق طبقات کو حقیقی معنوں میں سہارا فراہم کیا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ دھی رانی پروگرام میں رنگ، نسل، مذہب، قوم اور فرقہ کی تفریق کے بغیر پنجاب بھر کی مستحق اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والی بچیوں کو شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران اس پروگرام کے تحت 8 ہزار بچیوں کی شادیوں کا ہدف کامیابی سے مکمل کیا گیا ہے جبکہ آئندہ سال کے لیے یہ ہدف بڑھا کر 10 ہزار مقرر کیا گیا ہے۔ تقریب کے اختتام پر صوبائی وزیر اور دیگر معزز مہمانوں نے نئی زندگی کا آغاز کرنے والی بچیوں میں دو، دو لاکھ روپے مالیت کے اے ٹی ایم کارڈز تقسیم کیے، جس پر شرکاء نے حکومت پنجاب کے اس اقدام کو بھرپور سراہا۔

روزنامہ اوصاف لاہور، 06 فروری 2026

Daily Ausaf
روزنامہ اوصاف

# دھی رانی پروگرام، مستحق بچیوں کی اجتماعی شادیوں کی پروقار تقریب

## وزیراعلیٰ کی ہدایت پر 8 ہزار شادیوں کا ہدف مکمل کر لیا، صوبائی وزیر سہیل شوکت

لاہور (نیوز رپورٹر) محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر اہتمام حافظ آباد میں مستحق بچیوں کی اجتماعی شادیوں کی پُروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں صوبائی وزیر سماجی بہبود و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ "دھی رانی پروگرام نہ صرف پنجاب بلکہ ملک کا تاریخ ساز اور مثالی پروگرام بن چکا ہے۔" انہوں نے کہا کہ یہ پروگرام اب پنجاب کے عوام کی آواز بن چکا ہے اور اس کے ذریعے معاشرے کے مستحق طبقات کو حقیقی معنوں میں سہارا فراہم کیا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

اوصاف | اجتماعی شادیاں | 19

نے مزید کہا کہ دھی رانی پروگرام میں رنگ، نسل، مذہب، قوم اور فرقہ کی تفریق کے بغیر پنجاب بھر کی مستحق اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والی بچیوں کو شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران اس پروگرام کے تحت 8 ہزار بچیوں کی شادیوں کا ہدف کامیابی سے مکمل کیا گیا ہے جبکہ آئندہ سال کے لیے یہ ہدف بڑھا کر 10 ہزار مقرر کیا گیا ہے۔ سہیل شوکت بٹ نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی قائدانہ صلاحیتوں سے عوام کی فلاح و بہبود اور صوبے کی تعمیر و ترقی کے لیے انقلابی پروگرام شروع کیے ہیں۔ وزیر اعلیٰ دن رات عوام کی بہتری کے لیے کام کر رہی ہیں اور دھی رانی پروگرام اسی ویژن کی عملی مثال ہے۔ انہوں نے سیاسی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ریاست مدینہ کے قیام کا نعرہ لگانے والی جماعت نے صرف گالی، نفرت اور انتشار کی سیاست کو فروغ دیا، جبکہ موجودہ حکومت حقیقی معنوں میں عوامی خدمت کے منصوبے لے کر آئی ہے۔ انہوں نے چیلنج کیا کہ کے پی کے اور سندھ حکومتیں اپنے صوبوں میں پنجاب جیسا ایک بھی ایسا منصوبہ دکھائیں جس میں عوام کی فلاح و بہبود نمایاں نظر آئے۔ تقریب کے اختتام پر صوبائی وزیر اور دیگر معزز مہمانوں نے نئی زندگی کا آغاز کرنے والی بچیوں میں دو، دو لاکھ روپے مالیت کے اے ٹی ایم کارڈز تقسیم کیے، جس پر شرکاء نے حکومت پنجاب کے اس اقدام کو بھرپور سراہا۔

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات لاہور

چیف ایڈیٹر چوہدری عبدالرحمن

جلد 15 | ہفتہ 18 شعبان المعظم 1447ھ 7 فروری 2026ء 26 ماگھ 2082ب | صفحات 8 | قیمت 35 روپے | شمارہ 122

www.naibaat.pk e-mail: nb@naibaat.com


~~~~09/2/26~~~~

C.O

DD (P&PR)

09/02/26-

Dir (Proj)

## لیہ میں دھی رانی پروگرام تقریب

## 9 فروری، انتظامات مکمل

مظفرگڑھ (نیوز رپورٹر) لیہ میں دھی رانی پروگرام کا 9 فروری کو انعقاد کیا جائے گا۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق 9 فروری کو 370 جوڑوں کی اجتماعی شادی ہوگی، اجتماعی شادیوں کی پروقار تقریب سپورٹس کمپلیکس لیہ میں منعقد کی جائے گی، تقریب میں 8 ہزار سے زائد افراد کی شرکت متوقع ہے۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ اجتماعی شادیوں کی تقریب کے مہمان خصوصی ہوں گے۔ ڈپٹی کمشنر لیہ نے تقریب کیلئے ٹریفک، سیکیورٹی اور طبی کیمپ یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے، ڈی پی او حسن جاوید بھٹی نے بھی تقریب کے موقع پر فول پروف سیکیورٹی انتظامات کی یقین دہانی کرائی ہے۔
~~~~

09/2/26
C.O
DD (P&PR)
09/02/26.
Dir (Prog)

DAWN LAHORE, MONDAY FEBRUARY 9, 2026

# 101 couples get married under Dhi Rani programme

By Our Correspondent

NAROWAL: One hundred and one new couples got married under the 'Dhi Rani' programme in a mass ceremony in Narowal on Sunday.

Among those who got married, 75 belonged to Muslims and 26 belonged to Christian families.

Federal Minister for Planning and Development Ahsan Iqbal, Provincial Minister for Social Welfare and Baitul Maal Sohail Shaukat Butt and Punjab Baitul Maal chief Khawaja Muhammad Waseem Butt attended the ceremony as special guests.

The newly married couples were given Rs200,000 each on the behalf of Chief Minister Maryam Nawaz. Addressing the ceremony, Ahsan Iqbal said the government had given Rs. 200,000 to newly married couples so that they could start their new life in a good way. He said the capitalist class of Punjab should take forward the "Dhee Rani" programme.

He said the ceremony included 75 Muslim and 26 Christian couples.

Sohail Shaukat Butt and Khawaja Muhammad Waseem Butt also spoke.

CamScanner

09/2/26
C.O
DDCP(BRR)
09/02/26
DIR (P&T)

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس لاہور
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 25 شمارہ 341 | پیر، 20 شعبان المعظم، 9 فروری 2026ء، 28 ماگھ، صفحات 10 قیمت 40 روپے

# دھی رانی پروگرام: نارووال میں 100 جوڑوں کی اجتماعی شادی

## مریم نواز کے ثقافتی و تفریحی پروگرامز شہریوں کو لطف اندوز کرنے کا باعث، احسن اقبال

### آج تلونڈی بھنڈراں کی لڑکی بھی دنیا کے بہترین اذہان سے مقابلہ کرسکتی، وفاقی وزیر، خطاب

نارووال (ڈسٹرکٹ رپورٹر، نیوز ایجنسیاں) دھی رانی پروگرام کے تحت نارووال میں 100 جوڑوں کی اجتماعی شادی کی تقریب ہوئی، جس میں وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ احسن اقبال نے شرکت کی، تقریب میں مسلمانوں سمیت مسیحی برادری کے جوڑوں کی شادیاں ہوئیں، احسن اقبال نے کہا کہ یہ تقریب ایک اعلیٰ مقصد کی تقریب ہے، یہ اس تصور کی تصویر ہے (باقی صفحہ 7 نمبر 6)

6 اجتماعی شادی

جس کو کہا جاتا ہے ریاست ماں ہوتی ہے، آج ہمیں معاشرے میں ہم آہنگی کی ضرورت ہے، پورا ملک محنت کرے پاکستان جس طرح معرکہ حق جیتے ہیں اسی طرح معرکہ ترقی میں کامیاب ہوسکیں، بعدازاں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ نے وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال کے ہمراہ نوبیاہتا جوڑوں میں دھی رانی پروگرام کے تحت مہیا کی جانے والی سلامی کے اے ٹی ایم کارڈ تقسیم کیے، دریں اثناء ہیلتھ اینڈ پاپولیشن کے زیراہتمام ایجوکیشن و فیملی پلاننگ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کی جس نے 2 بیٹیوں کی اچھی پرورش کی، اس نے اپنے لئے جنت حاصل کرلی، ان کا کہنا تھا مریم نواز کی طرف سے ثقافتی اور تفریحی پروگرامز شہریوں کو مکمل تفریح اور لطف اندوز کرنے کا باعث بن رہے ہیں، انہوں نے کہا آج تلونڈی بھنڈراں میں بیٹھی ایک لڑکی، جس کے پاس لیپ ٹاپ، انٹرنیٹ اور پختہ عزم ہو، دنیا کے بہترین اذہان سے مقابلہ کرسکتی ہے لیکن یہ صدی ان لوگوں کے لیے مہربان نہیں ہوگی جو الجھنوں اور کم ظرفی کا شکار، سست، خوف زدہ ہوں۔

CamScanner

09/2/26
C.O
DDC(PSPR)

09/02/26
Dir (Prg)

بانی وقائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ خبریں لاہور

Daily KHABRAIN


چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 35 | پیر 20 شعبان المعظم 1447ھ 9 فروری 2026ء 28 ماگھ 2082 ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 199

## دھی رانی پروگرام کے تحت ضلع نارووال میں اجتماعی شادیوں کی تقریب

### تقریب میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال سمیت دیگر نے شرکت کی

نارووال (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن کے مطابق دھی رانی پروگرام کے تحت ضلع نارووال میں اجتماعی شادیوں کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال چودھری، صوبائی وزیر برائے سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ، چیئرمین پنجاب بیت المال پنجاب خواجہ محمد وسیم بٹ نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر 101 نوبیاہتا جوڑوں کو وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی جانب سے دھی رانی پروگرام کے تحت 2 لاکھ فی کس کے حساب سے سلامی) بذریعہ اے۔ ٹی۔ ایم کارڈ (پیش کی گئی۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال چودھری کا کہنا تھا کہ میں آج کے اس پرمسرت دن پر نئے شادی شدہ جوڑوں اور انکے والدین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ آج کی تقریب ریاست کے ماں کے تصور کی عملی تصویر پیش کر رہی ہے۔ دھی رانی پروگرام نے بیٹیوں کی عزت واحترام سے شادی کرنے کی راہ ہموار کی ہے۔



نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی احسن اقبال اجتماعی شادیوں کی تقریب میں نوبیاہتا جوڑے کو سلامی پیش کر رہے ہیں۔

CamScanner

وہی ہے مشرق ومغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

# مشرق

لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر، عبدالباقی کاکڑ

جلد:15 | پیر 20 شعبان المعظم 1447ھ 9 فروری 2026ء 28 ماگھ 2082 ب صفحات:10 قیمت:30 روپے | شمارہ: 321


09/2/26
C.O
DD(PSPR)
09/02/26.
Dir (Prg)

## شرپسند عناصر مذہب اور لسانیت کی بنیاد پر تفرقہ پھیلانا چاہتے ہیں، احسن اقبال

### آبادی میں بڑھوتری بہت بڑا مسئلہ، کند ذہن بچوں کی فوج کی بجائے صحتمند، قابل اور محنتی بچوں کی ضرورت ہے

**تفریح اور تعلیم کو یکجا کر کے عوام تک مثبت اور موثر پیغام پہنچایا جا رہا ہے، نارووال میں خصوصی میلے کے موقع پر گفتگو**



**نارووال**

رپورٹ: حسن نواز

دھی رانی پروگرام کے تحت ضلع نارووال میں اجتماعی شادیوں کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال چودھری، صوبائی وزیر برائے سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ، چیئرمین پنجاب بیت المال پنجاب خواجہ محمد وسیم بٹ نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر 101 نو بیاہتا جوڑوں کو وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی جانب سے دھی رانی پروگرام کے تحت 2 لاکھ فی کس کے حساب سے سلامی (بذریعہ اے۔ ٹی۔ ایم کارڈ) پیش کی گئی۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال چودھری کا کہنا تھا کہ میں آج کے اس پر مسرت دن پر نئے شادی شدہ جوڑوں اور انکے والدین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

www.jehanpakistan.pk

ABC CERTIFIED
MEMBER, APNS, CPNE

روزنامہ

ایڈیٹر انچیف اویس رؤف

جہان پاکستان

لاہور


جلد 14 | ہفتہ 18 شعبان المعظم 1447ھ 7 فروری 2026ء 26 ماگھ 2079ب | شمارہ 137 | صفحات 8 | قیمت 30 روپے

# محفوظ بسنت ہی حقیقی خوشیوں کی ضمانت: سپیکر قومی اسمبلی

## تہوار ایس او پیز کے مطابق منائیں، خلاف ورزی پر زیرو ٹالرنس: ایاز صادق، سہیل شوکت

### وزرا بھی جشن سے محظوظ ہوتے رہے، بلال یاسین نے گڈے اڑائے اور پیچ لگائے

لاہور (خبر نگار خصوصی، نیوز رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں لاہور میں برسوں بعد محفوظ اور شاندار بسنت کا باقاعدہ آغاز ہوگیا ہے، جس کے ساتھ ہی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)



سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ پتنگیں اڑا کر بسنت منا رہے ہیں

بقیہ سپیکر قومی اسمبلی 22

شہر رنگوں اور خوشیوں سے جگمگا اٹھا۔ تین روزہ بسنت تہوار کے پہلے روز لاہور کی فضا رنگ برنگی پتنگوں سے بھر گئی اور شہریوں نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ اس قدیمی تہوار کو منایا۔ بسنت کی خوشیوں میں سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ بھی شریک ہوئے۔ دونوں رہنماؤں نے شہریوں کے ساتھ مل کر پتنگیں اڑائیں اور اس روایتی تہوار کا لطف اٹھایا۔ اس موقع پر سردار ایاز صادق اور سہیل شوکت بٹ نے عوام سے اپیل کی کہ بسنت کا تہوار حکومت کی جانب سے جاری کردہ ایس او پیز کے مطابق منایا جائے اور سیفٹی کو ہر صورت اولین ترجیح دی جائے۔ رہنماؤں نے واضح کیا کہ محفوظ بسنت ہی حقیقی خوشیوں کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ممنوعہ ڈور کے استعمال، ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ اور ہلڑ بازی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ ہے۔ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اپنے پیغام میں کہا کہ خوشیاں ضرور منائیں مگر قانون اور احتیاط کا دامن نہ چھوڑیں۔ انہوں نے زور دیا کہ بچوں اور فیملیز کی حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں مکمل سیفٹی پلان کے تحت بسنت منائی جا رہی ہے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ تفریح کے ساتھ تحفظ کو بھی یقینی بنایا جائے۔ بسنت کے تین روزہ جشن کے دوران شہری حکومت کی فراہم کردہ فری ٹرانسپورٹ سے فائدہ اٹھائیں اور غیر ضروری طور پر موٹر سائیکل کے استعمال سے گریز کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بغیر حفاظتی راڈ اور احتیاطی اقدامات کے موٹر سائیکل لے کر باہر نکلنے پر سخت پابندی ہے، لہٰذا شہری اپنی اور دوسروں کی جان کے تحفظ کو مقدم رکھیں۔ شور شرابہ، ہنگامہ آرائی یا کسی کو نقصان پہنچانے والی سرگرمیوں کے خلاف قانون پوری قوت سے حرکت میں آئے گا۔ حکومتی اقدامات اور موثر انتظامات کے باعث لاہور میں طویل عرصے بعد بسنت کا تہوار محفوظ اور خوشگوار ماحول میں منایا جا رہا ہے، جس پر شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب کی کاوشوں کو سراہا ہے۔ مزید برآں صوبائی وزرا بھی جشن بسنت سے محظوظ ہوتے رہے۔ اندرون لاہور موہنی روڈ کی چھت پر صوبائی وزیر بلال یاسین نے گڈے اڑائے اور پیچ لگائے۔ بلال یاسین اور ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ایک ہی چھت سے گڈے اڑائے اور پیچ لگائے۔ رنگ برنگے گڈوں کے فضا میں پیچوں سے شائقین کا شور و غل بھرپور رہا۔ چیف انجینئر نیپا اقرار حسین بھی ڈور پکڑاتے رہے۔ اندرون لاہور کی فضا ''بو کاٹا''، ''اوئی بے'' کی آوازوں سے گونجتی رہی۔ بلال یاسین نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اظہار تشکر کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ نے لاہور کی روایت کو زندہ کیا، حفاظتی تدابیر اپنانا اب ہماری ذمہ داری ہے۔ بسنت کے تینوں روز لاہور کے ہر علاقے میں جشن بسنت اور روایتی کھابے چلیں گے، جو زندہ دلان لاہور کی پہچان ہے۔

THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ جنگ لاہور

رجسٹرڈ سی پی ایل 140

فون 36367480-83

صفحات 8 قیمت 35 روپے

بانی ..... میر خلیل الرحمٰن

جلد 48 | ہفتہ 18 رشعبان المعظم 1447ھ 7 رفروری 2026ء، 26 رماگھ 2082ب | شمارہ 111

09/2/26

C.O

DD (P/SPR)

09/02/26

DIR (Proj)

# بسنت کو حکومتی ایس او پیز کے مطابق منایا جائے، ایاز صادق، سہیل شوکت


## سپیکر قومی اسمبلی اور صوبائی وزیر نے شہریوں کے ساتھ مل کر پتنگیں اڑائیں اور اس روایتی تہوار کا لطف اٹھایا

لاہور (خصوصی نمائندہ) بسنت کی خوشیوں میں سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ بھی شریک ہوئے۔ دونوں رہنماؤں نے شہریوں کے ساتھ مل کر پتنگیں اڑائیں اور اس روایتی تہوار کا

باقی صفحہ 7 نمبر 31

**بقیہ | ایاز صادق، سہیل شوکت | 31**

لطف اٹھایا۔ اس موقع پر سردار ایاز صادق اور سہیل شوکت بٹ نے عوام سے اپیل کی کہ بسنت کا تہوار حکومت کی جانب سے جاری کردہ ایس او پیز کے مطابق منایا جائے اور سیفٹی کو ہر صورت اولین ترجیح دی جائے۔ رہنماؤں نے واضح کیا کہ محفوظ بسنت ہی حقیقی خوشیوں کی ضمانت ہے۔



سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ پتنگیں اڑا کر بسنت کا جشن منا رہے ہیں

E-mail:ausafd@gmail.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف لاہور
DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد:28 | ہفتہ 18 شعبان المعظم 1447ھ، 7 فروری 2026ء، 26 ماگھ 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ:86

## شوکت بٹ کی راولپنڈی امام بارگاہ پر حملے کی مذمت

لاہور (نیوز رپورٹ) صوبائی وزیر برائے سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ نے راولپنڈی میں امام بارگاہ پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

09/2/26
C.O
DD(P&PR)

09/02/26-
D/R (Prg.)

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر، عبدُالباقی کاکڑ


جلد: 15 | ہفتہ 18 شعبان المعظم 1447ھ 7 فروری 2026ء 26 ماگھ 2082ب صفحات: 10 قیمت: 30 روپے | شمارہ: 319

09/2/26
C.O
DD (PS/PR)
09/02/26.
Dir (Prg.)

# برسوں بعد محفوظ بسنت کا شاندار آغاز ہوا: سہیل شوکت بٹ

## بسنت حکومتی ایس او پیز کے مطابق منائیں، صوبائی وزیر

### عوام حکومت کی جانب سے جاری ایس او پیز کا خیال رکھیں، سردار ایاز صادق



لاہور (اپنے رپورٹر سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں لاہور میں برسوں بعد محفوظ اور شاندار بسنت کا باقاعدہ آغاز ہوگیا ہے، جس کے ساتھ ہی شہر رنگوں اور خوشیوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

بقیہ | مشرق | 33

سے جگمگا اٹھا۔ تین روزہ بسنت تہوار کے پہلے روز لاہور کی فضا رنگ برنگی پتنگوں سے بھر گئی اور شہریوں نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ اس قدیمی تہوار کو منایا۔ بسنت کی خوشیوں میں سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ بھی شریک ہوئے۔

CamScanner

Cell:04236362132/0321-4858150/0321-8485916
Daily LAHORE
بانی
سلیم احسن شیخ (مرحوم)
چیف ایگزیکٹو/ایڈیٹر
چوہدری شہباز آرائیں
روزنامہ نئی آوازیں لاہور
گروپ ایڈیٹر: ایم شہزاد


# وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں لاہور میں برسوں بعد محفوظ اور شاندار بسنت کا آغاز، شہر رنگوں اور خوشیوں سے بھر گیا

## سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ بسنت کی خوشیوں میں شریک، پتنگیں اڑا کر جشن منایا

## لاھور کی فضا رنگ برنگی پتنگوں سے بھر گئی، رہنماں نے شہریوں کے ساتھ مل کر بسنت کا بھرپور لطف اٹھایا

## مریم نواز کی قیادت میں مکمل سیفٹی پلان کے ساتھ بسنت منائیں تفریح کے ساتھ تحفظ بھی لازم ھے

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں لاہور میں برسوں بعد محفوظ اور شاندار بسنت کا آغاز، شہر رنگوں اور خوشیوں سے بھر گیا اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ بسنت کی خوشیوں میں شریک، پتنگیں اڑا کر جشن منایا لاہور کی فضا رنگ برنگی پتنگوں سے بھر گئی، رہنماں نے شہریوں کے ساتھ مل کر بسنت کا بھرپور لطف اٹھایا دونوں رہنماں کی عوام سے اپیل، بسنت حکومتی ایس او پیز کے مطابق منائیں اور سیفٹی کو اولین ترجیح دیں محفوظ بسنت، محفوظ شہری، ممنوعہ ڈور، ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ اور ہلڑ بازی پر زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ خوشیاں ضرور منائیں مگر قانون اور احتیاط کا دامن نہ چھوڑیں، بچوں اور فیملیز کی حفاظت ہم سب کی ذمہ داری ہے مریم نواز کی قیادت میں مکمل سیفٹی پلان کے ساتھ بسنت منائیں تفریح کے ساتھ تحفظ بھی لازم ہے بسنت کے تین روزہ جشن میں شہری حکومت کی فراہم کردہ فری ٹرانسپورٹ سے فائدہ اٹھائیں غیر ضروری موٹر سائیکل استعمال سے گریز کریں، بغیر حفاظتی راڈ اور احتیاطی اقدامات موٹر سائیکل لے کر باہر نکلنے پر سخت پابندی، شہری اپنی اور دوسروں کی جان کا خیال رکھیں، شور شرابہ، ہنگامہ آرائی یا کسی کو نقصان پہنچانے والی سرگرمی ہرگز برداشت نہیں ہوگی، خلاف ورزی پر قانون فوری حرکت میں آئے گا۔



Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات لاہور

چیف ایڈیٹر چوہدری عبدالرحمن

جلد 15 | جمعۃ المبارک 17 شعبان المعظم 1447ھ 6 فروری 2026ء 25 ماگھ 2082ب | صفحات 8 | قیمت 35 روپے | شمارہ 121

www.naibaat.pk e-mail: nb@naibaat.com

09/2/26
C.O
DD(PSPR)
09/02/26.
Dir (PR)

# پاک فوج کی قربانیاں کشمیر کاز کی مضبوط ضمانت: سہیل شوکت

## وزیراعظم پاکستان کی قیادت میں آج یوم کشمیر بھرپور قومی جذبے اور ملی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا

### پنجاب حکومت ہر سطح پر کشمیری بہن بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی، گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان کی قیادت میں آج یوم کشمیر بھرپور قومی جذبے اور ملی جوش وجذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر پنجاب بھر میں کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا جارہا ہے اور مختلف تقاریب کے ذریعے مظلوم کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کیا جارہا ہے۔ سہیل شوکت بٹ کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت ہر سطح پر کشمیری بہن بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی اور ان کے حق خودارادیت کے لیے ہر ممکن آواز بلند کی جاتی رہے گی۔ صوبائی وزیر نے پاک فوج کی قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کی لازوال قربانیاں ملکی سلامتی اور کشمیر کاز کی مضبوط ضمانت ہیں۔ ہماری بہادر افواج وطن کی سرحدوں کے دفاع اور کشمیری عوام کے تحفظ کی علامت ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور اس اہم قومی مقصد کے لیے پوری قوم اور افواج پاکستان متحد ہیں۔

روزنامہ ایکسپریس لاہور

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 25 شمارہ 338 | جمعۃ المبارک، 17 شعبان المعظم، 6 فروری 2026ء، 25 ماگھ، صفحات 12 قیمت 40 روپے


# پاک فوج ملکی سلامتی اور کشمیر کاز کی مضبوط ضمانت، سہیل شوکت

## پنجاب حکومت ہر سطح پر کشمیری بہن بھائیوں کی حمایت جاری رکھے گی

لاہور (اپنے سٹاف رپورٹر سے، اپنے نمائندے سے) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان کی قیادت میں آج یوم کشمیر بھرپور قومی جذبے اور ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر پنجاب بھر میں کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا جا رہا ہے اور مختلف تقاریب کے ذریعے مظلوم کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔ سہیل شوکت بٹ کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت ہر سطح پر کشمیری بہن بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی اور ان کے حق خودارادیت کے لیے ہر ممکن آواز بلند کی جاتی رہے گی۔ صوبائی وزیر نے پاک فوج کی قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کی لازوال قربانیاں ملکی سلامتی اور کشمیر کاز کی مضبوط ضمانت ہیں۔ ہماری بہادر افواج وطن کی سرحدوں کے دفاع اور کشمیری عوام کے تحفظ کی علامت ہیں۔

09/2/26
C.O
DDC(PS/PR)

09/02/26.

DIR (Prj)

CamScanner

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدُالباقی کاکڑ


جلد:15 | جمعۃ المبارک 17 شعبان المعظم 1447ھ 6 فروری 2026ء 25 ماگھ 2082 ب صفحات:26 قیمت:35 روپے | شمارہ: 318

09/2/26
C.O
DD(PS/PR)
09/02/26
Dir (Prj)

# پاک فوج کشمیر کاز کی مضبوط ضمانت ہے: سہیل شوکت بٹ

## پنجاب بھر میں کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا جا رہا ہے، وزیر سوشل ویلفیئر

## دنیا بھر میں کشمیری بہن بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے



لاہور (نمائندہ خصوصی) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ وزیر اعظم پاکستان کی قیادت میں آج یوم کشمیر بھرپور قومی جذبے اور ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر پنجاب بھر میں کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا جا رہا ہے اور مختلف تقاریب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

بقیہ | مشرق | 19

کے ذریعے مظلوم کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو خراجِ تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔ سہیل شوکت بٹ کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت ہر سطح پر کشمیری بہن بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی اور ان کے حق خودارادیت کیلئے ہر ممکن آواز بلند کی جاتی رہے گی۔

CamScanner

روزنامہ پاکستان لاہور
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمٰن شامی
THE DAILY PAKISTAN LAHORE
ایڈیٹر: عمر مجیب شامی
جلد 36
ہفتہ 18 شعبان 1447ھ، 7 فروری 2026ء، 25 ماگھ 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے
شمارہ 329

09/2/26
C.O
DDC (P&PR)
09/02/26.
DIR (Pro.)

# فتنہ الہندوستان کی بزدلانہ کارروائیاں قابل مذمت، سہیل شوکت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ نے راولپنڈی میں امام بارگاہ پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشتگردوں کی یہ بزدلانہ کارروائی قابلِ مذمت اور انسانیت سوز فعل ہے۔ سہیل شوکت بٹ نے دھماکے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بے گناہ نمازیوں کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ عمل ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ صوبائی وزیر نے واضح کیا کہ دہشتگرد انسانیت کے دشمن ہیں۔

CamScanner

E-mail:ausafd@gmail.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com
روزنامہ اوصاف لاہور
DAILY AUSAF LAHORE
چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان
جلد:28 | جمعۃ المبارک، 17 شعبان المعظم 1447ھ، 6 فروری 2026ء، 25 ماگھ 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ:85

## کشمیریوں کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھیں گے: سہیل شوکت بٹ

لاہور (وقائع نگار) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ پنجاب حکومت ہر سطح پر کشمیری بہن بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی اور ان کے حقِ خودارادیت کے لیے ہر ممکن آواز بلند کی جاتی رہے گی۔

09/2/26
C.O
DDC(P&PR)
09/02/26.
DIR (Pg.)

CamScanner